



# پاکستان کی آب وھوا

کسی ملک یا علاقے کی لمبے عرصے کی موسمی کیفیات کا مطالعہ آب وہوا کہلاتی ہے موسمی کیفیات سے مراد درجہ حرارت بارش ہوا کا دبا اور نمی وغیرہ۔ آب وہوا کا انسانی زندگی پر گہرا اثر ہوتا ہے آب وہوا کسی مقام یا علاقے کی تمام انسانی سرگرمیوں پر گہرا اثر رکھتی ہے کسی علاقے کے رہنے والوں کی معاشی ،معاشرتی ،سماجی ،سیاسی اور تجارتی غرض یہ کہ تمام سرگرمیوں کا انحصار کافی حدتک آب وہوا پر ہے سرد علاقوں کے لوگوں کا لباس رہائش اور خوراک وغیرہ گرم علاقوں کے لوگوں سے کافی حدتک مختلف ہوتا ہے۔ ہمارا علاقہ بہت گرم اور خشک ہے لیکن بارشوں کی وجہ سے موسم ٹھنڈا ہو جاتا ہے دن اور رات کے درجہ حرارت میں بہت فرق ہے موسم گرما میں دن کے وقت لو چلتی ہے گرد آلود آندھیاں بھی چلتی ہیں ۔جنوری ،فروری ،جون ،اور جولائی کے مہینوں میں کچھ بارشیں ہوتی ہے۔مئی اور جون گرم ترین مہینے ہیں۔ ہمارے علاقے میں بارشیں ہر سال یکساں نہیں ہوتیں ۔پاکستان کے شمالی علاقے کے سلسلے میں گھرے ہوئے علاقے سطح سمندر سے کئی ہزار فٹ بلند ہیں ۔ہمارا علاقہ پاکستان کے شمال میں ہے۔ ہمارے علاقے کی آب وہوا اچھی ہونے کی وجہ سے سیاحت کو بہت فروغ حاصل ہوا ہے۔ ہمارے علاقے کے میدانی حصوں کی آب وہوا میں شدت پائی جاتی ہے یعنی موسم گرما میں گرم اور موسم سرما میں سرد موسم ہوتا ہے یہ آب وہوا مختلف اقسام کی فصلوں ،سبزیوں ،اور پھلوں کے لئے بہت موزوں ہے۔میدانی علاقے چونکہ نہروں کی لائی ہوئی مٹی سے بنے ہیں۔ اسی وجہ سے یہ بہت ذرخیز ہیں۔ ہمارے یہاں موسم بہت عجیب سا ہے کبھی سرد تو کبھی گرم ۔اکثر جولائی کے مہینے اوسط درجہ حرارت 23 درجے سینٹی گریڈ کے لگ بھگ ہوتا ہے کیونکہ گرمیوں کے دن خاصے لمبے ہوتے ہیں اس لیے گرمی کی وجہ سے گھاس تک جھلس جاتی ہے دور دور تک خشک میدان نظر آتے ہیں۔گرمیوں میں بارش بھی زیادہ ہوتی ہے،طوفان بہت زیادہ آتے ہیں، بارش اکثر گرج چمک کے ساتھ ہوتی ہے۔موسم گرما میں بارشوں کے ساتھ ساتھ طوفان اور آندھیاں بھی آتی ہیں جن سے فصلوں کا نقصان بھی ہو جاتا ہے ارد گرد کے علاقوں سے تیزی کے ساتھ ہوائیں کم دباوالے علاقے کی طرف چلتی ہیں۔





# پاکستان کے چار موسم اللہ پاک کی خاص رحمت

اللہ پاک نے پاکستان پر خاص رحمت نازل کی ہے اور ہمارے محبوب وطن کو چار موسموں سے نوازا ہے اور اس مین ہر موسم کا اپنا مزہ ہے موسم گرما پاکستان کا لمبا ترین موسم ہے جو تقریبا سات ماہ تک چلا گیا ہے اور اس. موسم کے اپنے رنگ ہیں ویسے انسان راضی تو کسی بھی موسم پر نہیں ہوتا کیونکہ گرمی اے تو انسان چاہتا ہے سردی ہو سردی اے تو انسان چاہتا ہے گرمی ہو موسم گرما میں پھلوں کا بادشاہ آم وافر مقدار میں موجود ہوتا ہے جسے ہر امیر غریب کھاتا ہے ام نا صرف پاکستانی دل کھول کر کھاتے ہیں بلکہ پاکستانی ام دوسرے ممالک میں بھی بہت مشہور ہے ام انسانی طاقت میں اہم کردار ادا کرتا ہے. آم کے علاوہ تربوز خربوزہ ناشپاتی خومانی انار . سیب بھی وافر مقدار میں موجود ہوتے ہیں. پاکستان کا دوسرا موسم سرما ہے جس کا اپنا مزہ ہے پہاڑوں پر برف باری ہوتی ہے جو گرمیوں میں پگھل کر ہماری فصلوں کو سیراب کرتی ہے موسم سرما میں. کیلا جوبن پر ہوتا ہے اس کے بعد موسم بہار ہوتا ہے جو موسموں کی ملکہ ہے . اور اس میں جو پھول کھلتے ہیں. وہ دیکھنے کے لایق ہوتے ہیں . اس کیبعد چوتھا موسم خزاں ہوتا ہے جس میں پرانے پتے گر جاتے ہیں اور نے پتے نکل اتے ہیں . پاکستان دنیا کا واحد ملک ہے جسکو اللہ پاک نے چار موسموں سے نوازا ہے اور پاکستان کو اللہ پاک نے بہت خوبصرت بنایا ہے مری ہو یا سوات گلگت بلتستان ہو یا پھلوں . کی وادی کویٹہ پاکستان کے ہر موسم کے مختلف پھل بہت مزہ دیتے ہیں . اللہ پاک ہمارے وطن کو دن دگنی رات چوگنی ترقی دے آمین